UNIVERSAL LIBRARY
OU_226624
UNIVERSAL LIBRARY

# تبویبِ حیدری

(یعنی)

جدید اصولوں پر کتابوں کی ترتیب اور فہرست سازی کیلئے

اردو میں

# علوم وفنون کی تقسیم

جو اردو زبان کی ہیئت ترکیبی، ماحول، موجودہ سرمایہ اور آیندہ ترقی کے امکانات کو ملحوظ رکھکر مرتب کیگئی ہے

(از)

فضل اللہ احمد بی اے (عثمانیہ)

بانی و مہتمم حیدری گشتی کتب خانہ حیدرآباد دکن

سنہ ۱۳۶۰ھ

پہلی اشاعت
ایکہزار

قیمت
۸ر

# پیشِ لفظ

(جسکو)

جناب مولوی حبیب الرحمٰن صاحب ناظم سررشتۂ معلومات عامہ سرکارعالی نے

ناچیز مُرتّب کی اِستدعا پر ازراہِ قدر افزائی قلمبند فرمایا۔

قدرت کے مختلف مظاہر کی ماہیت دریافت کرنا انسان کی فطرت میں داخل ہے یہی جستجو اس کو دوسری تمام مخلوق سے ممتاز کرتی ہے اور اسی بناء پر وہ اشرف المخلوقات کہلاتا ہے۔ کھوج اور تلاش کے اس نہ دبنے والے فطری رجحان کی وجہ سے انسان کے معلومات میں یوں تو ہمیشہ توسیع ہوتی رہی ہے لیکن فن تحریر اور خاص کر فن طباعت کی ایجاد کے بعد سے اس توسیع کی رفتار غیر معمولی طور پر تیز ہوگئی۔ کیونکہ اب آیندہ نسلوں کے لئے گذشتہ نسلوں کے ذخیرۂ معلومات سے استفادہ کرنا بہت آسان ہوگیا اور ہر نئی نسل کے لئے اپنی تحقیق ایک نسبتاً بلند تر سطح سے شروع کرنے کی صورت پیدا ہوگئی، ساتھ ہی ذخیرۂ معلومات کی بڑھتی ہوئی وسعت اس بات کی مقتضی ہوئی کہ اسے مختلف مرکزی اور ذیلی شعبوں میں تقسیم کیا جائے۔ تاکہ اس تخصیص کی بدولت ایک طرف اس کے تحفظ میں آسانی اور اس سے علمی استفادے کی صورت پیدا ہو اور دوسری طرف اس کی مزید توسیع میں سہولت ہو۔ نتیجہ یہ ہے کہ آج ہمارے سامنے بیسیوں علوم ہیں جن میں سے ہر ایک علم سینکڑوں ذیلی شعبوں میں منقسم ہے اور تقسیم در تقسیم کا یہ سلسلہ برابر جاری ہے۔ حتیٰ کہ اب مختلف علوم کے لٹریچر کی ترتیب بجائے خود ایک جداگانہ علم و فن کی صورت اختیار کرچکی ہے۔

جہاں تک یورپی زبانوں کا تعلق ہے اس علم میں حیرت انگیز ترقی ہوئی ہے۔ اور کتابوں کی تقسیم و ترتیب،

ان کا رکھ رکھاؤ اور ان کے استعمال سے متعلق ایک جداگانہ نصاب تعلیم رائج ہے جس میں دوسرے علوم کی طرح باقاعدہ امتحانات ہوتے اور سندیں عطا کی جاتی ہیں۔ ہندوستان میں ابھی اس طرف جتنی توجہ ہونی چاہئے نہیں ہوئی ہے اور جو کچھ توجہ ہوئی بھی ہے وہ زیادہ تر انگریزی زبان کی کتابوں تک محدود ہے۔ اردو میں ایسی کوششیں جہاں تک مجھے معلوم ہے اب تک مفقود ہیں۔ بڑی خوشی کی بات ہے کہ مولوی فضل اللہ احمد صاحب نے اس خلا کو پُر کرنے کی کوشش کی ہے اور یہ امر باعث امتنان ہے کہ اس کام کا آغاز حیدرآباد کے ایک لائق فرزند اور جامعۂ عثمانیہ کے ایک ہونہار سپوت کے ہاتھوں سے ہوا ہے۔

جہاں تک میں غور کرسکا ہوں مجھے یہ تبویب اتنی مفصل اور جامع معلوم ہوتی ہے کہ اردو زبان کا وسیع اور روز افزوں ذخیرہ اس میں بہ آسانی سما سکتا ہے۔ بڑی خوبی اس کی یہ ہے کہ اس میں ان طریقوں کی جو مغربی ملکوں میں رائج ہیں اندھی تقلید نہیں کی گئی ہے۔ بلکہ اردو زبان کی فطرت اور خصوصیات کو پیش نظر رکھ کر مناسب تبدیلیوں کے ساتھ انہیں اپنا لیا ہے۔ حیدری گشتی کتب خانہ کے بانی اور مہتمم کی حیثیت سے مولوی فضل اللہ احمد صاحب کو کئی سال تک اس شعبہ پر غور کرنے کا موقع ملا ہے اور زیر نظر کتاب صاحب موصوف کے طویل عملی تجربہ کا نتیجہ اور اس وجہ سے خاص توجہ کی مستحق ہے فقط

بعونہ تعالیٰ شانہ

وبطفیل حبیبہ صلی اللہ علیہ وسلم

# نذرِ حیدری

اردو زبان کے ایک ناقابلِ فراموش محسن اور اردو جامعہ کے موسس

دی رائٹ آنریبل سر اکبر نواب حیدر نواز جنگ بہادر دام اقبالہم

صدرِ اعظم حکومت آصفیہ خلد اللہ ملکہٗ

(کی)

## خدمتِ عالی میں

بہ حسنِ توسط عالیجناب نواب علی یاور جنگ بہادر معتمد حکومت آصفیہ (صیغہ امور دستوری)

ایک ناچیز اور بے بضاعت علمی خدمت گزار اور پرستار

(کا)

والہانہ اور پُرخلوص

## پیشکش

گر قبول افتد زہے عز و شرف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# عرضِ حال

مبارک عہدِ عثمانی میں بلدۂ حیدرآباد فرخندہ بنیاد جہاں بغداد و قرطبہ کی گذشتہ اسلامی ثقافت کا مرقع پیشِ نظر کر دیتا ہے وہاں وہ مشرقی تمدن اور مغربی تہذیب کا "سنگم" بھی بنا ہوا ہے! اور ہماری "مہتم بالشان جامعہ عثمانیہ" اس کا وہ زبردست آبشار ہے جس نے تمام قلمروِ آصفی میں اس سرے سے اس سرے تک بیداری، ترقی اور علمی ذوق و شوق کا بے پایاں تموّج اور ابنائے جامعہ میں "کارکردگی" کی برقی لہریں پیدا کر دی ہیں۔

یہ اسی "تموّج" اور "ذوقِ عمل" کا ایک ادنیٰ ترین نمونہ ہے کہ اس عروس البلاد حیدرآباد میں "اردو جامعہ" کے دوش بدوش بتدریج ایک مہتم بالشان "اردو کتب خانہ" قائم کرنے اور دیگر بلادِ متمدنہ کی طرح کتابوں کے "مطالعہ" میں عامۃ الناس کے لئے ممکنہ سہولتیں بہم پہنچانے کے دوگونہ نصب العین کے ساتھ ایک ناچیز بے بضاعت اور کس مپرس "عثمانیہ طیلسانی" نے سنہ ۱۳۴۴ھ میں "اردو گشتی کتب خانہ" کی بنا ڈالی جو بقول سر سید راس مسعود اعلی اللہ مقامہ "اپنی نوعیت کا یگانہ اردو ادارہ ہے۔"

"اردو گشتی کتب خانہ" کے آغازِ قیام سے یہ خیال بھی پیشِ نظر رہا کہ جدید اصولوں پر اردو سرمایہ کی ایک ایسی فہرست بھی مرتب کی جائے جو اردو بائبلوگرافی (علم الکتب یا کتابیات) کا کام دے سکے۔ چنانچہ اس کے لئے گذشتہ سولہ سال سے مسلسل مواد جمع کیا جاتا رہا ہے لیکن افسوس ہے کہ بے بضاعتی اور شکم پروری کے جھمیلوں سے اب تک یہ موقع نصیب نہ ہوا کہ فہرست کی تدوین کا کام آغاز کیا جاسکے۔ بے بضاعتی اور شکم پروری کے یہ جھمیلے اگرچہ اب بھی علیٰ حالہ برقرار ہیں لیکن حال میں اردو کے ایک ناقابلِ فراموش محسن اور ہماری اردو جامعہ کے حقیقی موسس دی رائٹ آنریبل سر اکبر نواب حیدر نواز جنگ بہادر بالقابہم صدر اعظم باب حکومت سلطنت آصفیہ خلد اللہ ملکہ نے بکمال ذرہ نوازی "اردو گشتی کتب خانہ" کو اپنے اسم گرامی سے منسوب اور "حیدری گشتی کتب خانہ" کے نام سے موسوم کرنے کی جو قدر افزائی فرمائی ہے اسکی یادگار کے طور پر جس طرح ممکن ہو وقت نکال کر فہرست کی تدوین کا کام آغاز کر دیا گیا ہے اور

"فہرست حیدری" کے نام سے عنقریب اس کی شعبہ واری اشاعت کا سلسلہ (اگر فضل ایزدی شامل حال ہو تو) شروع کردیا جائے گا۔ لیکن مجوزہ "فہرست" کی ترتیب سے پیشتر اسکی تبویب یعنے علوم و فنون کی تقسیم کا مسئلہ بہت کچھ الجھن کا باعث بنا رہا۔ یورپ اور امریکہ نے اپنی گوناگوں علمی موشگافیوں کی طرح "تبویب" اور "فہرست سازی" کے فنون کو بھی ایسے معراج کمال پر پہونچا دیا ہے کہ "طلسمات" کا نقشہ نظر آتا ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ "اردو" میں اب تک اس پر بہت کم توجہ کی گئی اور اگر کچھ توجہ بھی ہوئی تو وہ کالعدم کی حیثیت رکھتی ہے۔

بہرحال اس ضمن میں اردو کی تہیدستی کے باعث ابتداءً یہ خیال ہوا تھا کہ مجوزہ فہرست کی تدوین میں مشہور اور عالمگیر "امریکن ڈیوی کلاسیفیکیشن" (مروجہ کتب خانہ جامعہ عثمانیہ) یا جدید ترین "طریق کولن" (مروجہ کتب خانہ سٹی کالج حیدرآباد) کی پیروی کی جائے۔ لیکن انکی بجنسہ تقلید کی صورت میں اردو کی یہ فہرست غیر سہولت بخش ہونے کے علاوہ ایک حد تک "عجوبہ" بنجاتی، لہذا بہت کچھ غور و تعمق اور عملی تجربوں کے بعد اردو کی ہیئیت ترکیبی، ماحول، موجودہ سرمایہ اور آیندہ ترقی کے امکانات کو ملحوظ رکھ کر مذکورالصدر دونوں طریقوں کے بنیادی اصولوں کے اشتراک سے ایک ایسی "تبویب" اختیار کی گئی ہے جو یقین ہے کہ نہایت مفید اور ارباب ذوق کے لئے سہولت بخش ثابت ہوگی اور علوم و فنون میں خواہ کیسا ہی اضافہ کیوں نہ ہو اس سے متعلقہ کتابیں اور مطبوعات مناسب حال موقع پر جگہ پاسکیں۔

یہ وہی "تبویب" ہے جو پیش کی جارہی ہے۔ اس کے بموجب تمام علوم و فنون دس حصوں میں منقسم کردیئے گئے ہیں اور حروف ابجد کی ترتیب سے ایک ایک حرف، ہر حصہ کا امتیازی نشان قرار دیا گیا ہے۔ پھر ہر حصہ دس دس متعلقہ اہم شعبوں پر، اور ہر شعبہ دس دس ضمنی ابواب پر مشتمل ہے جن کا نشان متعلقہ "حرف" کے ساتھ اعداد میں درج ہے۔ اس طرح جملہ علوم و فنون کے ایک ہزار مستقل ابواب قائم کئے گئے ہیں جنکی حسب ضرورت ذیلی تقسیم در تقسیم بھی ہوسکتی ہے اور صدر نشان ابواب کے تحت اعداد صحیحہ اور اعشاریہ کے ذریعے ذیلی ابواب کا نشان اور اسکے ساتھ کتاب یا مصنف کے سرحرف کے ذریعے نشان ترتیب بھی قائم کیا جاسکتا ہے۔ جس کے باعث ہر ذیلی تبویب کے علاوہ حروف تہجی کے لحاظ سے کتابوں یا مصنفین کی جداگانہ ترتیب بھی برقرار رہے گی۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ پیش نظر "تبویب" میں ضرور خامیاں ہونگی لیکن ارباب نظر ان کی اصلاح سے متعلق از راہ کرم اگر معقول مشورہ دینے کی زحمت گوارا فرمائیں تو بکمال امتنان اس پر عمل کیا جائے گا اور ہر مفید اصلاح پر صمیم قلب سے توجہ کی جائے گی تاکہ "اردو" میں بھی علوم و فنون کی ایک ایسی ہمہ گیر "تبویب" وجود میں آجائے جو عام طور پر کتب خانوں میں رائج اور کتب بیں اور کتب فروش دونوں کے لئے یکساں مفید اور منفعت بخش ثابت ہوسکے۔ فقط

ناچیز

فضل اللہ احمد

حیدری گشتی کتب خانہ

عابد روڈ ۔۔۔۔ حیدرآباد دکن

عیدالضحیٰ سنہ ۱۳۵۹ھ

۹ جنوری سنہ ۱۹۴۱ء

# تقسیمِ علوم و فنون در حصص

| نشانِ سلسلہ | عنوانِ تقسیم | نشانِ تقسیم |
|---|---|---|
| ۱ | دینیات | الف |
| ۲ | روحانیات | ب |
| ۳ | فلسفہ و اخلاقیات | ج |
| ۴ | ادبیات | د |
| ۵ | لِسانیات | ھ |
| ۶ | عِمرانیات | و |
| ۷ | تاریخ و تذکرہ | ز |
| ۸ | فنیّات | ح |
| ۹ | سائنس (علومِ طبعی) | ط |
| ۱۰ | متفرقات | ی |

# تقسیم حصص در شعبہ جات

(یا)

# شعبہ واری تقسیم علوم و فنون

| عنوان شعبہ | نشان شعبہ |
|---|---|
| دینیات (عمومی) | الف ع۰ |
| مذہب اسلام (عام معلومات) | الف ع۱۰ |
| اہل سنت و الجماعت — قرآنیات | الف ع۲۰ |
| اہل سنت و الجماعت — علم حدیث | الف ع۳۰ |
| اہل سنت و الجماعت — علوم فقہ | الف ع۴۰ |
| فرقۂ شیعہ | الف ع۵۰ |
| دیگر فرقہ ہائے اسلام | الف ع۶۰ |
| اہل کتاب (یہود و نصاریٰ) | الف ع۷۰ |
| اہل ہنود وغیرہ | الف ع۸۰ |
| متفرق مذاہب عالم | الف ع۹۰ |

| عنوان شعبہ | نشان شعبہ |
|---|---|
| روحانیات (عمومی) | ب ع۰ |
| عالم ارواح | ب ع۱۰ |
| خوارق | ب ع۲۰ |
| ادعیہ و عملیات | ب ع۳۰ |
| فضایل و مناقب | ب ع۴۰ |
| تصوّف | ب ع۵۰ |
| رہبانیت | ب ع۶۰ |
| تہیا سوفی | ب ع۷۰ |
| ہندو روحانیات | ب ع۸۰ |
| متفرق علوم روحانی | ب ع۹۰ |

| عنوان شعبہ | نشان شعبہ |
|---|---|
| **فلسفہ اور اخلاقیات (عمومی)** | **ج ع** |
| اصناف فلسفہ | ج ع۱۰ |
| قدیم فلاسفہ | ج ع۲۰ |
| جدید فلاسفہ | ج ع۳۰ |
| مسایل مابعد الطبعیات | ج ع۴۰ |
| منطق | ج ع۵۰ |
| قوائے ذہنی، نفسیات | ج ع۶۰ |
| دماغ اور جسمانی تعلق و اثر | ج ع۷۰ |
| متفرق فلسفیانہ مسائل | ج ع۸۰ |
| اخلاقیات | ج ع۹۰ |
| **ادبیات (عمومی)** | **د ع** |
| نظمیات (عام معلومات) | د ع۱۰ |
| اردو شاعری | د ع۲۰ |
| دیگر السنہ کی شاعری | د ع۳۰ |
| انشاپردازی (مضامین، تقاریر وغیرہ) | د ع۴۰ |
| ظرافت اور طنزیات | د ع۵۰ |
| قصص، حکایات اور داستانیں | د ع۶۰ |
| ناول اور مختصر افسانے | د ع۷۰ |
| ناٹک اور ڈرامے، تمثیل | د ع۸۰ |
| متفرق اصناف ادب | د ع۹۰ |

| عنوان شعبہ | نشان شعبہ |
|---|---|
| **لسانیات (عمومی)** | **ھ ع** |
| اردو | ھ ع۱۰ |
| عربی | ھ ع۲۰ |
| فارسی اور ترکی وغیرہ | ھ ع۳۰ |
| سنسکرت اور ہندی | ھ ع۴۰ |
| متفرق ہندوستانی السنہ | ھ ع۵۰ |
| متفرق مشرقی السنہ | ھ ع۶۰ |
| انگریزی | ھ ع۷۰ |
| دیگر مغربی السنہ | ھ ع۸۰ |
| تقابلی اور متفرق السنہ | ھ ع۹۰ |
| **عمرانیات (عمومی)** | **و ع** |
| اعداد و شمار اور آبادی | و ع۱۰ |
| سیاسیات (نظری) | و ع۲۰ |
| معاشیات | و ع۳۰ |
| ذرایع نقل و حمل اور تجارت | و ع۴۰ |
| نظم و نسق اور عسکریت | و ع۵۰ |
| قانون | و ع۶۰ |
| رسم و رواج اور معاشرت | و ع۷۰ |
| تعلیم | و ع۸۰ |
| ادارات وغیرہ | و ع۹۰ |

| عنوان شعبہ | نشان شعبہ |
|---|---|
| **تاریخ و تذکرہ (عمومی)** | ز ع ـــ |
| جغرافیہ و سیاحت، بلادیات اور آثار قدیمہ | ز ع ۱۰ |
| تاریخ عصر قدیم | ز ع ۲۰ |
| تاریخ عرب و سلاطین اسلام | ز ع ۳۰ |
| تاریخ ہندوستان | ز ع ۴۰ |
| تاریخ دیگر ممالک ایشیا | ز ع ۵۰ |
| تاریخ ممالک افریقہ | ز ع ۶۰ |
| تاریخ ممالک یورپ | ز ع ۷۰ |
| تاریخ ممالک امریکہ و دیگر اقطاع عالم | ز ع ۸۰ |
| تذکرہ: سیرت، سوانح عمری، انساب وغیرہ | ز ع ۹۰ |
| **فنیات (عمومی)** | ح ع ـــ |
| فنون لطیفہ | ح ع ۱۰ |
| تعمیرات | ح ع ۲۰ |
| انجینیری | ح ع ۳۰ |
| صنعت و حرفت اور مصنوعات | ح ع ۴۰ |
| زراعت اور متعلقہ ابواب | ح ع ۵۰ |
| خانہ داری | ح ع ۶۰ |
| کاروبار اور دفترداری طباعت و تشہیر وغیرہ | ح ع ۷۰ |
| طب | ح ع ۸۰ |
| متفرق فنون | ح ع ۹۰ |

| عنوان شعبہ | نشان شعبہ |
|---|---|
| **سائنس (علوم طبعی عمومی)** | ط ع ـــ |
| ریاضیات | ط ع ۱۰ |
| فلکیات | ط ع ۲۰ |
| طبعیات | ط ع ۳۰ |
| کیمیا؛ کیمسٹری | ط ع ۴۰ |
| حیاتیات | ط ع ۵۰ |
| حیوانیات | ط ع ۶۰ |
| نباتیات | ط ع ۷۰ |
| طبقات الارض | ط ع ۸۰ |
| متفرق مسائل سائنس | ط ع ۹۰ |
| **متفرقات** | ی ع ـــ |
| فہرستیں اور کتابیات | ی ع ۱۰ |
| انتظام کتب خانہ اور کتب خانے | ی ع ۲۰ |
| کتب مقامی (قلمرو آصفی) | ی ع ۳۰ |
| نوادر کتب | ی ع ۴۰ |
| کتب حوالہ جات | ی ع ۵۰ |
| صحافت اور اخبارات | ی ع ۶۰ |
| مطبوعات ادارات خصوصی | ی ع ۷۰ |
| عجائب گھر اور نمائشیں | ی ع ۸۰ |
| عام انجمنیں، کانفرنسیں، جلسے اور مظاہرات وغیرہ | ی ع ۹۰ |

# تبویب شعبہ جات

## دینیات

### نشان (الف)

| عنوان تبویب | نشان تبویب | عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|---|---|
| دینیات (عمومی) | الف ۔ ۰ | مذہب اسلام (عام معلومات) | الف ۔ ۱۰ |
| مجموعات مذہبی | الف ۔ ۱ | مجموعاتِ اسلامی | الف ۔ ۱۱ |
| منتخبات مذہبی | الف ۔ ۲ | منتخبات اسلامی | الف ۔ ۱۲ |
| فلسفۂ مذہب | الف ۔ ۳ | فلسفۂ اسلام | الف ۔ ۱۳ |
| تنقید، مباحثہ اور مناظرات مذہبی | الف ۔ ۴ | تنقید، بحث و مناظرات اسلامی وغیرہ | الف ۔ ۱۴ |
| لغات۔ قاموس اور اصطلاحات مذہبی | الف ۔ ۵ | لغات۔ قاموس اور اصطلاحات اسلامی | الف ۔ ۱۵ |
| رسائل مذہبی | الف ۔ ۶ | رسائل اسلامی | الف ۔ ۱۶ |
| تاریخ مذہب | الف ۔ ۷ | تبلیغ و اشاعت اسلام | الف ۔ ۱۷ |
| تعلیم مذہبی | الف ۔ ۸ | تعلیم اسلامی | الف ۔ ۱۸ |
| مذہبی ادارے، انجمنیں اور رپورٹیں وغیرہ | الف ۔ ۹ | اسلامی ادارے، انجمنیں اور رپورٹیں وغیرہ | الف ۔ ۱۹ |

| عنوانِ تبویب | نشانِ تبویب |
| --- | --- |
| **قرآنیات (اہل سنت والجماعت)** | **الف ع ۲۰** |
| مصاحف، تراجم و تفاسیر قرآن | الف ع ۲۱ |
| منتخبات و تبویب قرآن | الف ع ۲۲ |
| اعجاز و معارف اور فلسفۂ قرآن | الف ع ۲۳ |
| تنقید و تقابل قرآن | الف ع ۲۴ |
| لغات، اصطلاحات و لسانیات قرآن | الف ع ۲۵ |
| رسایل قرآنی | الف ع ۲۶ |
| ترتیب و تاریخ قرآن | الف ع ۲۷ |
| تعلیم و تلاوت قرآن اور حفظ و تجوید | الف ع ۲۸ |
| متفرق علوم و مسائل قرآنی | الف ع ۲۹ |
| **علم حدیث (اہل سنت والجماعت)** | **الف ع ۳۰** |
| مجموعات و شرح احادیث | الف ع ۳۱ |
| منتخبات حدیث | الف ع ۳۲ |
| اصول حدیث | الف ع ۳۳ |
| تنقید و تبصرۂ حدیث | الف ع ۳۴ |
| لغات و اصطلاحات حدیث | الف ع ۳۵ |
| رسایل حدیث | الف ع ۳۶ |
| تاریخ علم حدیث و اسماء رجال | الف ع ۳۷ |
| تعلیم اور روایتِ حدیث | الف ع ۳۸ |
| متفرق ابواب و مسائل حدیث | الف ع ۳۹ |

| عنوانِ تبویب | نشانِ تبویب |
| --- | --- |
| **علوم فقہ اہل سنت والجماعت (عام معلومات)** | **الف ع ۴۰** |
| فقہ حنفی: | |
| عقائد | الف ع ۴۱ |
| ارکان دین، عبادات و صدقات | الف ع ۴۲ |
| معاملات | الف ع ۴۳ |
| احکام معیشت | الف ع ۴۴ |
| احکام سیاست | الف ع ۴۵ |
| فرائض | الف ع ۴۶ |
| معاشرت | الف ع ۴۷ |
| احکام النساء | الف ع ۴۸ |
| فقہ آئمہ دیگر و مسالک مختلفہ اہل سنت | الف ع ۴۹ |
| **فرقہ شیعہ (عام معلومات)** | **الف ع ۵۰** |
| مسلک اثنا عشری: | |
| قرآنیات شیعہ | الف ع ۵۱ |
| احادیث شیعہ | الف ع ۵۲ |
| فقہ شیعہ (عمومی) | الف ع ۵۳ |
| عقاید شیعہ | الف ع ۵۴ |
| ارکان دین، عبادات و صدقات | الف ع ۵۵ |
| معاملات | الف ع ۵۶ |
| احکام معیشت و سیاست | الف ع ۵۷ |
| فرائض، معاشرت، احکام النساء | الف ع ۵۸ |
| مختلف فرقہ ہائے شیعہ | الف ع ۵۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
| --- | --- |
| **دیگر فرقہ ہائے اسلام** | الف۔۶۰ |
| خوارج | الف۔۶۱ |
| معتزلہ | الف۔۶۲ |
| مہدوی | الف۔۶۳ |
| اہل حدیث | الف۔۶۴ |
| احمدی | الف۔۶۵ |
| نیچری | الف۔۶۶ |
| | الف۔۶۷ |
| | الف۔۶۸ |
| دیگر متفرق فرقہ ہائے اسلام | الف۔۶۹ |
| **اہل کتاب (یہود و نصاریٰ)** | الف۔۷۰ |
| صحف سماوی | الف۔۷۱ |
| ماقبل بنی اسرائیل | الف۔۷۲ |
| بنی اسرائیل اور یہودیت | الف۔۷۳ |
| مسیحیت (ابتدائی دور) | الف۔۷۴ |
| کلیسائے مشرقی | الف۔۷۵ |
| 〃 مغربی (رومن کیتھلک) | الف۔۷۶ |
| 〃 جدید (پروٹسٹنٹ) | الف۔۷۷ |
| 〃 امریکی (انگلیکن) | الف۔۷۸ |
| دیگر متفرق فرقہ ہائے مسیحی و اہل کتاب | الف۔۷۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
| --- | --- |
| **ہندو مذاہب (عام معلومات)** | الف۔۸۰ |
| کتب مقدسہ اہل ہنود | الف۔۸۱ |
| برہمنی مت / سناتن دھرم | الف۔۸۲ |
| بدھ مت | الف۔۸۳ |
| جین مت | الف۔۸۴ |
| وشنو پنتھ | الف۔۸۵ |
| نانک پنتھ | الف۔۸۶ |
| برہمو سماج | الف۔۸۷ |
| آریہ سماج | الف۔۸۸ |
| اچھوت اور دیگر فرقہ ہائے اہل ہنود | الف۔۸۹ |
| **متفرق مذاہب عالم** | الف۔۹۰ |
| فطرت پرستی اور دہریت وغیرہ | الف۔۹۱ |
| بت پرستی؛ مشرکین | الف۔۹۲ |
| آتش پرستی؛ زردشتی اور مجوسی | الف۔۹۳ |
| اجداد پرستی؛ شنٹو مت | الف۔۹۴ |
| | الف۔۹۵ |
| | الف۔۹۶ |
| | الف۔۹۷ |
| دیگر متفرق مذاہب عالم | الف۔۹۸ |
| تقابلِ ادیان | الف۔۹۹ |

# رُوحَانیات

## نشَان (ب)

| عنوان تبویب | نشان تبویب | عنوان تبویب | نشان تبویب |
| --- | --- | --- | --- |
| **رُوحَانیات (عمُومی)** | ب ۔ ۰ | **عالم ارواح** | ب ۔ ۱۰ |
| مجموعات روحانی | ب ۔ ۱ | فرشتے اور حور و غلمان | ب ۔ ۱۱ |
| منتخبات روحانی | ب ۔ ۲ | جنّات | ب ۔ ۱۲ |
| فلسفۂ روحانیات | ب ۔ ۳ | شیاطین | ب ۔ ۱۳ |
| تنقید۔ مباحثہ اور مظاہرات روحانی | ب ۔ ۴ | ہمزاد | ب ۔ ۱۴ |
| لغات و اصطلاحات روحانی | ب ۔ ۵ | ارواح خبیثہ | ب ۔ ۱۵ |
| رسائل روحانیات | ب ۔ ۶ | ارواح طیّبہ | ب ۔ ۱۶ |
| تاریخ روحانیات | ب ۔ ۷ | روح معفرد | ب ۔ ۱۷ |
| تعلیم و اکتساب روحانیات | ب ۔ ۸ | حیات بعد الموت | ب ۔ ۱۸ |
| روحانی ادارے اور انجمنیں وغیرہ | ب ۔ ۹ | دیگر عالم ہائے روحانی | ب ۔ ۱۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **خوارق** | ب ع ۲۰ |
| وحی اور الہام | ب ع ۲۱ |
| معجزات | ب ع ۲۲ |
| کشف وکرامات | ب ع ۲۳ |
| پیشین گوئی اور کہانت | ب ع ۲۴ |
| جادو | ب ع ۲۵ |
| اشراق | ب ع ۲۶ |
| دعوائے الوہیت وغیرہ | ب ع ۲۷ |
| مجذوبیت اور خرافات | ب ع ۲۸ |
| دیگر خوارق | ب ع ۲۹ |
| **ادعیہ اور عملیات** | ب ع ۳۰ |
| اوراد و وظائف | ب ع ۳۱ |
| اعمال علوی ؛ نقش تعویز وغیرہ | ب ع ۳۲ |
| اعمال سفلی ؛ جنتر-منتر-بھانامتی وغیرہ | ب ع ۳۳ |
| دیگر مشرقی عملیات | ب ع ۳۴ |
| مسمریزم | ب ع ۳۵ |
| کلوانزم | ب ع ۳۶ |
| ہپناٹزم | ب ع ۳۷ |
| دیگر مغربی عملیات | ب ع ۳۸ |
| مشرقی اور مغربی عملیات کا اشتراک تقابل | ب ع ۳۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **فضائل ومناقب** | ب ع ۴۰ |
| فضائل انبیاء، رسل وامم ماضیہ | ب ع ۴۱ |
| 〃 خاتم الانبیاء وامت مرحومہ | ب ع ۴۲ |
| 〃 اہل بیت وصحابہ | ب ع ۴۳ |
| 〃 شہداء اور شہادت | ب ع ۴۴ |
| 〃 اولیاء وصالحین وغیرہ | ب ع ۴۵ |
| 〃 غیر ذی روح | ب ع ۴۶ |
| 〃 مکانی | ب ع ۴۷ |
| 〃 زمانی | ب ع ۴۸ |
| 〃 دیگر ادیان | ب ع ۴۹ |
| **تصوف (عمومی)** | ب ع ۵۰ |
| سلسلۂ قادریہ | ب ع ۵۱ |
| 〃 نقشبندیہ | ب ع ۵۲ |
| 〃 چشتیہ | ب ع ۵۳ |
| 〃 سہروردیہ | ب ع ۵۴ |
| 〃 رفاعیہ | ب ع ۵۵ |
| 〃 مولویہ | ب ع ۵۶ |
| 〃 مجددیہ | ب ع ۵۷ |
| 〃 نظامیہ | ب ع ۵۸ |
| 〃 دیگر سلسلہ ہائے تصوف | ب ع ۵۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
| --- | --- |
| **رہبانیت** | ب ع ۶۰ |
| بنی ڈکٹس | ب ع ۶۱ |
| ڈومنی سیین | ب ع ۶۲ |
| فرانسسکن | ب ع ۶۳ |
| آگسٹینس | ب ع ۶۴ |
| جسوئیت | ب ع ۶۵ |
| پیاشنسٹ | ب ع ۶۶ |
| انگلیکن برادری | ب ع ۶۷ |
| نسوانی رہبانیت۔ نن وغیرہ | ب ع ۶۸ |
| دیگر فرقہ ہائے رہبان | ب ع ۶۹ |
| **تھیاسوفی** | ب ع ۷۰ |
| مجموعات تھیاسوفی | ب ع ۷۱ |
| منتخبات " | ب ع ۷۲ |
| اصول ومبادی اور فلسفہ تھیاسوفی | ب ع ۷۳ |
| تنقید، مباحثہ اور مظاہرات تھیاسوفی | ب ع ۷۴ |
| لغات و اصطلاحات تھیاسوفی | ب ع ۷۵ |
| رسائل تھیاسوفی | ب ع ۷۶ |
| تاریخ " | ب ع ۷۷ |
| تعلیم واکتساب تھیاسوفی | ب ع ۷۸ |
| تھیاسوفی ادارے، انجمنیں اور فرقے وغیرہ | ب ع ۷۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
| --- | --- |
| **ہندو روحانیات** | ب ع ۸۰ |
| جاپ | ب ع ۸۱ |
| گیان | ب ع ۸۲ |
| یوگ | ب ع ۸۳ |
| جوگ | ب ع ۸۴ |
| سدھی | ب ع ۸۵ |
| سمادھی | ب ع ۸۶ |
| مکتی | ب ع ۸۷ |
| پرم ہنسی | ب ع ۸۸ |
| دیگر ابواب ہندو روحانیات | ب ع ۸۹ |
| **متفرق علوم روحانی** | ب ع ۹۰ |
| خواب اور تعبیر | ب ع ۹۱ |
| فال اور شگون وغیرہ | ب ع ۹۲ |
| رمل اور جفر وغیرہ | ب ع ۹۳ |
| سامدرک (دست شناسی) | ب ع ۹۴ |
| | ب ع ۹۵ |
| | ب ع ۹۶ |
| | ب ع ۹۷ |
| | ب ع ۹۸ |
| دیگر متفرق علوم روحانی | ب ع ۹۹ |

# فلسفہ اور اخلاقیات

## نشان ( ج )

| عنوان تبویب | نشان تبویب | عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|---|---|
| **فلسفہ (عمومی)** | ج ع ۰ | **اضاف فلسفہ** | ج ع ۱۰ |
| مجموعات فلسفہ | ج ع ۱ | تصوریت، موضوعیت | ج ع ۱۱ |
| منتخبات فلسفہ | ج ع ۲ | تنقیدی فلسفہ | ج ع ۱۲ |
| اصول ومبادی فلسفہ | ج ع ۳ | وجدانیت | ج ع ۱۳ |
| تنقید ومباحثہ فلسفہ | ج ع ۴ | تجربیت | ج ع ۱۴ |
| لغات واصطلاحات فلسفہ | ج ع ۵ | محسوسیات | ج ع ۱۵ |
| رسائل فلسفہ | ج ع ۶ | مادیت، ثبوتیت | ج ع ۱۶ |
| تاریخ فلسفہ | ج ع ۷ | وجودیت، واحدیت | ج ع ۱۷ |
| تعلیم ومطالعہ فلسفہ | ج ع ۸ | انتخابیت | ج ع ۱۸ |
| فلسفی ادارے۔ انجمنیں وغیرہ | ج ع ۹ | دیگر اضاف فلسفہ | ج ع ۱۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **قدیم فلاسفہ** | ج-۲۰ |
| قدیم مشرقی فلاسفہ | ج-۲۱ |
| ابتدائی یونانی فلاسفہ | ج-۲۲ |
| سوفسطائی فلاسفہ اور سقراط | ج-۲۳ |
| فلاطونی 〃 | ج-۲۴ |
| ارسطوئی 〃 | ج-۲۵ |
| جدید فلاطونی فلاسفہ | ج-۲۶ |
| اپی کیوری فلاسفہ | ج-۲۷ |
| اسٹوئک فلاسفہ | ج-۲۸ |
| ابتدائی مسیحی، قرونِ وسطیٰ، اور اسلامی فلاسفہ | ج-۲۹ |
| **جدید فلاسفہ** | ج-۳۰ |
| برطانوی اور امریکی فلاسفہ | ج-۳۱ |
| جرمن فلاسفہ | ج-۳۲ |
| فرانسیسی فلاسفہ | ج-۳۳ |
| اطالوی 〃 | ج-۳۴ |
| روسی اور سلاوی فلاسفہ | ج-۳۵ |
| اسکنڈیوی فلاسفہ | ج-۳۶ |
| ولندیزی اور بلجیمی فلاسفہ | ج-۳۷ |
| دیگر جدید مغربی فلاسفہ | ج-۳۸ |
| جدید مشرقی فلاسفہ | ج-۳۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **مسائل مابعد الطبیعات** | ج-۴۰ |
| علم اور حدود | ج-۴۱ |
| آفرینش۔ تکوین اور اختتام عالم | ج-۴۲ |
| علت و معلول | ج-۴۳ |
| زمانہ | ج-۴۴ |
| مکان | ج-۴۵ |
| حرکت | ج-۴۶ |
| مادہ | ج-۴۷ |
| قوت، مقدار۔ عدد | ج-۴۸ |
| دیگر مسائل مابعد الطبیعات | ج-۴۹ |
| **منطق** | ج-۵۰ |
| استقرائی | ج-۵۱ |
| استخراجی | ج-۵۲ |
| ایجابی | ج-۵۳ |
| اشاراتی اور الجبرائی | ج-۵۴ |
| مغالطات | ج-۵۵ |
| قیاس مع الفارق اور منطقِ استثنائی | ج-۵۶ |
| مفروضات | ج-۵۷ |
| حجت و استدلال | ج-۵۸ |
| دیگر مسائل منطق | ج-۵۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **قوائے ذہنی ، نفسیات** | ج ۶۰ |
| فہم و ادراک | ج ۶۱ |
| حواس | ج ۶۲ |
| حافظہ ، ذہانت | ج ۶۳ |
| قوت متخیلہ | ج ۶۴ |
| وجدان | ج ۶۵ |
| جذبات و احساسات | ج ۶۶ |
| خواہشات | ج ۶۷ |
| ارادہ اور عزم | ج ۶۸ |
| دیگر قوائے ذہنی اور مسائل نفسیات | ج ۶۹ |
| **دماغ اور جسمانی تعلق و اثر** | ج ۷۰ |
| بشریات (انتھروپالوجی) | ج ۷۱ |
| تشریح دماغ ، کاسہ سر اور قیافہ | ج ۷۲ |
| خصوصیات دماغ | ج ۷۳ |
| خلل دماغ اور جنون | ج ۷۴ |
| بیداری اور نیند | ج ۷۵ |
| بے ہوشی ، خود فراموشی اور نسیان وغیرہ | ج ۷۶ |
| طفولیت اور نفسیات طفلی | ج ۷۷ |
| مادرزاد گونگے ، بہرے اور اندھے | ج ۷۸ |
| دیگر مسائل و ابواب متعلقہ | ج ۷۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **دیگر متفرق فلسفیانہ مسائل** | ج ۸۰ |
| شخصیت ، انانیت | ج ۸۱ |
| خودی اور بے خودی | ج ۸۲ |
| جبر و اختیار | ج ۸۳ |
| اضافیت | ج ۸۴ |
| | ج ۸۵ |
| | ج ۸۶ |
| | ج ۸۷ |
| | ج ۸۸ |
| | ج ۸۹ |
| **اخلاقیات** | ج ۹۰ |
| اخلاق مذہبی اور مواعظ | ج ۹۱ |
| " سیاست اور سلاطین و عمال | ج ۹۲ |
| " پیشہ وری | ج ۹۳ |
| " معاشرت | ج ۹۴ |
| " عشیرہ و عائلہ | ج ۹۵ |
| " صنفی | ج ۹۶ |
| لہو لعب اور تفریحات | ج ۹۷ |
| نشہ بازی اور ترک مسکرات | ج ۹۸ |
| متفرق اخلاقی ابواب و مسایل | ج ۹۹ |

# اَدبیات

## نشان (د)

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| ادبیات (عمومی) | د ۔ ۰ |
| مجموعات ادبی | د ۔ ۱ |
| منتخبات ادبی | د ۔ ۲ |
| فلسفۂ ادبیات اور اصول تنقید | د ۔ ۳ |
| تنقید۔ تبصرہ اور مباحثۂ ادبی | د ۔ ۴ |
| قاموسات و اصطلاحاتِ ادبی | د ۔ ۵ |
| رسائل ادبی | د ۔ ۶ |
| تاریخ ادبیات | د ۔ ۷ |
| تعلیم و مطالعہ اور تحقیقات ادبی | د ۔ ۸ |
| ادبی ادارے اور انجمنیں وغیرہ | د ۔ ۹ |
| نظمیات (عام معلومات) | د ۔ ۱۰ |
| مجموعات و کلیاتِ نظمیہ | د ۔ ۱۱ |
| منتخباتِ نظمیہ | د ۔ ۱۲ |
| فلسفۂ شاعری اور اصول نظمیات | د ۔ ۱۳ |
| تنقید و تقابل نظمیات | د ۔ ۱۴ |
| لغات و اصطلاحات نظمیہ | د ۔ ۱۵ |
| رسائل نظمیہ | د ۔ ۱۶ |
| تاریخ نظمیات | د ۔ ۱۷ |
| تعلیم نظمیات اور تلمذ | د ۔ ۱۸ |
| مجالس نظمیہ اور مشاعرے وغیرہ | د ۔ ۱۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **اردو شاعری** | ح ع ۲۰ |
| غزلیات | ح ع ۲۱ |
| قصائد | ح ع ۲۲ |
| مثنویات | ح ع ۲۳ |
| رُباعیات | ح ع ۲۴ |
| مخمس، مسدس، مثمن وغیرہ | ح ع ۲۵ |
| رزمیات اور مراثی | ح ع ۲۶ |
| ریختی | ح ع ۲۷ |
| دیگر اصنافِ سخن | ح ع ۲۸ |
| جدید اردو شاعری | ح ع ۲۹ |
| **دیگر السنہ کی شاعری** | ح ع ۳۰ |
| عربی شاعری | ح ع ۳۱ |
| فارسی اور ترکی شاعری | ح ع ۳۲ |
| سنسکرت شاعری | ح ع ۳۳ |
| ہندی شاعری | ح ع ۳۴ |
| دیگر ہندوستانی السنہ کی شاعری | ح ع ۳۵ |
| 〃 مشرقی 〃 〃 | ح ع ۳۶ |
| انگریزی شاعری | ح ع ۳۷ |
| دیگر مغربی السنہ کی شاعری | ح ع ۳۸ |
| عصر قدیم اور متفرق السنہ کی شاعری | ح ع ۳۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **انشا پردازی** (مضامین، تقاریر، مکتوبات وغیرہ) | ح ع ۴۰ |
| متقدمین اردو اور حلقہ "فورٹ ولیم" | ح ع ۴۱ |
| سرسید اور حلقہ "تہذیب اخلاق" | ح ع ۴۲ |
| متاخرین، علیگ، ندوی، دار المصنفین وغیرہ | ح ع ۴۳ |
| حلقہ صحافت و سیاسیات: کانگریسی، خلافتی، لیگی وغیرہ | ح ع ۴۴ |
| زنانہ انشا پردازی اور حمایت نسواں | ح ع ۴۵ |
| حلقہ مشائخ اور صوفیانہ انشا پردازی | ح ع ۴۶ |
| حلقہ انجمن ترقی اردو، جامعہ ملیہ اور جامعہ عثمانیہ | ح ع ۴۷ |
| دورہائے مابعد | ح ع ۴۸ |
| دیگر السنہ کی انشا پردازی | ح ع ۴۹ |
| **ظرافت اور طنزیات** | ح ع ۵۰ |
| عام لطیفے، ملا دو پیازہ، بیربل، شیخ چلی وغیرہ | ح ع ۵۱ |
| حلقہ اودھ پنچ | ح ع ۵۲ |
| گلابی اردو: ملا رموزی وغیرہ | ح ع ۵۳ |
| سنجیدہ ظرافت: مرزا الم نشرح وغیرہ | ح ع ۵۴ |
| تمثیلی ظرافت اور نقالی وغیرہ | ح ع ۵۵ |
| طنزیات | ح ع ۵۶ |
| دشنام طرازی اور مغلظات | ح ع ۵۷ |
| دیگر پیرایے | ح ع ۵۸ |
| دیگر السنہ کی ظرافت | ح ع ۵۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **قِصص، حکایات اور داستانیں وغیرہ** | ح ع ۶۰ |
| مذہبی اور روحانی قصے | ح ع ۶۱ |
| فلسفیانہ حکایات | ح ع ۶۲ |
| اخلاقی حکایات | ح ع ۶۳ |
| بچوں کی کہانیاں | ح ع ۶۴ |
| عام داستانیں | ح ع ۶۵ |
| مخصوص داستانیں | ح ع ۶۶ |
| تاریخی حکایات | ح ع ۶۷ |
| علمی اور فنّی حکایات | ح ع ۶۸ |
| متفرق قصص و حکایات اور اساطیر | ح ع ۶۹ |
| **ناول اور مختصر افسانے** | ح ع ۷۰ |
| شمس العلما نذیر احمد و راشد الخیری اور مماثل ثقاہت | ح ع ۷۱ |
| پنڈت رتن ناتھ سرشار، منشی سجاد حسین چغتائی اور مماثل ظرافت آمیزی | ح ع ۷۲ |
| تراجم رینالڈز و ڈوماس اور مماثل رومان | ح ع ۷۳ |
| عبد الحلیم شرر، جرجی زیدان، منشی صادق حسین اور مماثل جذبات و تعصبی افکار | ح ع ۷۴ |
| سر آرتھر کینن ڈائل، مارس لیبلانک اور مماثل جاسوسی تراجم بترجمہ ارم وغیرہ | ح ع ۷۵ |
| ظفر عمر، مرزا رسوا، میر فدا علی خنجر اور مماثل جاسوسی تصانیف | ح ع ۷۶ |
| پریم چند، سید سجاد، نیاز، یم اسلم و دیگر مختصر افسانہ نگار | ح ع ۷۷ |
| دیگر متفرق مخصوص ناول نگار اور مختلف جدید پیرائے (اسلوب) | ح ع ۷۸ |
| تبویب بلحاظ مباحث | ح ع ۷۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **ناٹک۔ ڈرامے اور فلمی کہانیاں یا تمثیل** | ح ع ۸۰ |
| اردو (طبعزاد و ملخص) | ح ع ۸۱ |
| سنسکرت، ہندی اور ہندوستانی السنہ کے ناٹک | ح ع ۸۲ |
| دیگر مشرقی السنہ و اقوام کے ناٹک | ح ع ۸۳ |
| قدیم مغربی ڈرامے | ح ع ۸۴ |
| انگریزی اور امریکی ڈرامے | ح ع ۸۵ |
| جرمن ڈرامے | ح ع ۸۶ |
| فرانسیسی 〃 | ح ع ۸۷ |
| اطالوی 〃 | ح ع ۸۸ |
| دیگر مغربی السنہ کے ڈرامے | ح ع ۸۹ |
| **متفرق اصنافِ ادب** | ح ع ۹۰ |
| ضرب الامثال | ح ع ۹۱ |
| چیستانیں اور معمے | ح ع ۹۲ |
| بچوں کا لٹریچر | ح ع ۹۳ |
| | ح ع ۹۴ |
| | ح ع ۹۵ |
| | ح ع ۹۶ |
| | ح ع ۹۷ |
| | ح ع ۹۸ |
| دیگر متفرق اصنافِ ادب | ح ع ۹۹ |

# لِسانیات

## نشان (ھ)

| عنوان تبویب | نشان تبویب | عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|---|---|
| **لِسانیات (عمومی)** | ھ ع۔ | **اردو لِسانیات** | ھ ع ۱۰ |
| مجموعات لسانیہ | ھ ع ۱ | حروف تہجی اور رسم الخط | ھ ع ۱۱ |
| منتخبات " | ھ ع ۲ | قواعد:۔ صرف و نحو | ھ ع ۱۲ |
| فلسفہ لسانیات | ھ ع ۳ | عروض | ھ ع ۱۳ |
| تنقید و تبصرۂ لسانیات | ھ ع ۴ | فصاحت و بلاغت وغیرہ | ھ ع ۱۴ |
| لغات و اصطلاحاتِ لسانی | ھ ع ۵ | روزمرہ اور محاورات (دہلی و لکھنو یا ٹکسالی) | ھ ع ۱۵ |
| رسائل لسانیاتی | ھ ع ۶ | قدیم اردو | ھ ع ۱۶ |
| تاریخ لسانیات | ھ ع ۷ | دکھنی اردو | ھ ع ۱۷ |
| تعلیم " | ھ ع ۸ | پنجابی اردو | ھ ع ۱۸ |
| لسانیاتی ادارے اور انجمیں وغیرہ | ھ ع ۹ | دیگر صوبجات اور ممالک کی اردو | ھ ع ۱۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **عربی لسانیات** | ھ ع ۲۰ |
| حروف تہجی اور رسم الخط | ھ ع ۲۱ |
| قواعد: صرف و نحو | ھ ع ۲۲ |
| عروض | ھ ع ۲۳ |
| فصاحت و بلاغت وغیرہ | ھ ع ۲۴ |
| قدیم نحوی بول چال اور محاورات | ھ ع ۲۵ |
| جدید عربی " " " | ھ ع ۲۶ |
| حجازی " " | ھ ع ۲۷ |
| شامی و عراقی " " | ھ ع ۲۸ |
| دیگر ممالک عربیہ کی بول چال اور محاورات | ھ ع ۲۹ |
| **فارسی اور ترکی وغیرہ** | ھ ع ۳۰ |
| فارسی حروف تہجی اور رسم الخط | ھ ع ۳۱ |
| " قواعد: صرف و نحو | ھ ع ۳۲ |
| " عروض | ھ ع ۳۳ |
| " فصاحت و بلاغت وغیرہ | ھ ع ۳۴ |
| قدیم فارسی بول چال اور محاورات | ھ ع ۳۵ |
| جدید " " | ھ ع ۳۶ |
| قدیم ترکی لسانیات | ھ ع ۳۷ |
| جدید " " | ھ ع ۳۸ |
| دیگر اسلامی لسانیات | ھ ع ۳۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **سنسکرت اور ہندی لسانیات** | ھ ع ۴۰ |
| سنسکرت حروف تہجی اور رسم الخط | ھ ع ۴۱ |
| " قواعد: صرف و نحو | ھ ع ۴۲ |
| " عروض و قوافی | ھ ع ۴۳ |
| " فصاحت و بلاغت | ھ ع ۴۴ |
| " بول چال اور محاورات | ھ ع ۴۵ |
| ہندی حروف تہجی اور رسم الخط | ھ ع ۴۶ |
| " قواعد: صرف و نحو | ھ ع ۴۷ |
| " عروض | ھ ع ۴۸ |
| " بول چال اور محاورات وغیرہ | ھ ع ۴۹ |
| **متفرق ہندوستانی السنہ** | ھ ع ۵۰ |
| پنجابی، گورمکھی وغیرہ | ھ ع ۵۱ |
| بنگالی، اُڑدی " | ھ ع ۵۲ |
| مرہٹی | ھ ع ۵۳ |
| تلنگی | ھ ع ۵۴ |
| کنڑی | ھ ع ۵۵ |
| ٹامل | ھ ع ۵۶ |
| ملیالم | ھ ع ۵۷ |
| گجراتی | ھ ع ۵۸ |
| دیگر متفرق ہندوستانی السنہ | ھ ع ۵۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
| --- | --- |
| **دیگر مشرقی السنہ** | ھ ۶۰ |
| چینی لسانیات | ھ ۶۱ |
| جاپانی " | ھ ۶۲ |
| السنہ وسط ایشیا | ھ ۶۳ |
| " ایشیائے کوچک، ایران و افغانستان | ھ ۶۴ |
| تبتی لسانیات | ھ ۶۵ |
| برمی " | ھ ۶۶ |
| انڈوچائنی، انامی، سیامی وغیرہ | ھ ۶۷ |
| ملایا کی لسانیات | ھ ۶۸ |
| سنگھالی و دیگر متفرق السنہ مشرقیہ | ھ ۶۹ |
| **انگریزی لسانیات** | ھ ۷۰ |
| حروف تہجی اور رسم الخط | ھ ۷۱ |
| قواعد : صرف و نحو | ھ ۷۲ |
| عروض | ھ ۷۳ |
| فصاحت و بلاغت | ھ ۷۴ |
| انگلستان کی بول چال اور محاورات | ھ ۷۵ |
| امریکہ " " " | ھ ۷۶ |
| اسکاٹ لینڈ " " | ھ ۷۷ |
| آئرش " | ھ ۷۸ |
| دیگر اینگلوسیکسن لسانیات | ھ ۷۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
| --- | --- |
| **دیگر مغربی السنہ** | ھ ۸۰ |
| قدیم مغربی السنہ | ھ ۸۱ |
| جرمنی | ھ ۸۲ |
| فرانسیسی | ھ ۸۳ |
| اطالوی | ھ ۸۴ |
| روسی اور دیگر سلاوی السنہ | ھ ۸۵ |
| اسکندیوی | ھ ۸۶ |
| ولندیزی، بلجیمی | ھ ۸۷ |
| ہسپانوی اور پرتگیزی | ھ ۸۸ |
| دیگر متفرق مغربی السنہ | ھ ۸۹ |
| **تقابلی لسانیات اور متفرق السنہ** | ھ ۹۰ |
| تقابلی حروف تہجی اور رسم الخط | ھ ۹۱ |
| " قواعد : صرف و نحو | ھ ۹۲ |
| " عروض | ھ ۹۳ |
| " فصاحت و بلاغت | ھ ۹۴ |
| " بول چال اور محاورات | ھ ۹۵ |
| ماقبل تاریخ اور عصر قدیم کی لسانیات | ھ ۹۶ |
| افریقی اقوام کی لسانیات | ھ ۹۷ |
| رڈ انڈین اور دیگر مماثل اقوام کی لسانیات | ھ ۹۸ |
| اشاراتی اور دیگر متفرق لسانیاتی ابواب | ھ ۹۹ |

# عمرانیات

## نشان (و)

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **عمرانیات (عمومی)** | و ۔ ۰ |
| مجموعات عمرانی | و ۔ ۱ |
| منتخبات عمرانی | و ۔ ۲ |
| فلسفۂ عمران اور مدنیت | و ۔ ۳ |
| تنقید و مباحثہ عمرانی | و ۔ ۴ |
| لغات و اصطلاحات عمرانیات | و ۔ ۵ |
| رسائل عمرانیات | و ۔ ۶ |
| تاریخ عمرانیات | و ۔ ۷ |
| تعلیم و مطالعۂ عمرانیات | و ۔ ۸ |
| مجالس اور انجمن ہائے عمرانی | و ۔ ۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **اعداد و شمار اور آبادی** | و ۔ ۱۰ |
| نظریات اور طریقہائے اعداد و شمار | و ۔ ۱۱ |
| آبادی | و ۔ ۱۲ |
| ممالک اسلامیہ کے اعداد و شمار | و ۔ ۱۳ |
| ہندوستان " " " | و ۔ ۱۴ |
| مختلف ممالک ایشیا " " | و ۔ ۱۵ |
| " " افریقہ " " | و ۔ ۱۶ |
| ممالک یورپ " " | و ۔ ۱۷ |
| " امریکہ وغیرہ " | و ۔ ۱۸ |
| متفرق مسائل متعلقہ " " | و ۔ ۱۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **سیاسیات (نظری)** | و ۲۰ |
| مذہب اور سیاست | و ۲۱ |
| ہیئتِ حکومت | و ۲۲ |
| شہریت اور حق رائے دہی | و ۲۳ |
| مجالس قانون ساز | و ۲۴ |
| تعلقات و امور داخلی | و ۲۵ |
| 〃 〃 خارجہ | و ۲۶ |
| غلامی، آبادکاری، توطن اور مہاجرت | و ۲۷ |
| سیاسی فرقہ بندی اور فرقے | و ۲۸ |
| دیگر متفرق سیاسی ابواب | و ۲۹ |
| **معاشیات** | و ۳۰ |
| سرمایہ، محنت، اور اجرت | و ۳۱ |
| زر، بنکاری، سود اور ساکھ | و ۳۲ |
| حقیّت اراضی، لگان وغیرہ | و ۳۳ |
| پیدائش اور صرف دولت، قیمت، افلاس و تمول | و ۳۴ |
| مالیات عامہ اور محاصل | و ۳۵ |
| تجارتی آزادی اور تامین | و ۳۶ |
| امداد باہمی | و ۳۷ |
| اشتراکیت، کمیونزم اور دیگر معاشی جمعیات اور نظریات | و ۳۸ |
| مختلف ممالک کی معاشیات اور متفرق ابواب | و ۳۹ |
| **ذرائع حمل ونقل اور تجارت** | و ۴۰ |
| برّی ذرائع نقل وحمل | و ۴۱ |
| بحری 〃 〃 〃 | و ۴۲ |
| ہوائی 〃 〃 〃 | و ۴۳ |
| ڈاک اور ڈاک خانے | و ۴۴ |
| ٹیلیفون، تار برقی، لاسلکی اور دیگر ذرائع مخابرت | و ۴۵ |
| تجارت خارجہ درآمد و برآمد | و ۴۶ |
| مقامی تجارت | و ۴۷ |
| اوزان اور پیمانے | و ۴۸ |
| مختلف ممالک کے تجارتی حالات اور متفرق ابواب | و ۴۹ |
| **نظم ونسق اور عسکریت** | و ۵۰ |
| مرکزی نظم ونسق | و ۵۱ |
| صوبجاتی، دیہی، اور بلدی نظم ونسق | و ۵۲ |
| پولیس | و ۵۳ |
| فوج | و ۵۴ |
| نظم ونسق ہندوستان | و ۵۵ |
| 〃 سلطنت برطانیہ اور مستعمرات | و ۵۶ |
| 〃 مختلف ممالک یورپ | و ۵۷ |
| 〃 ممالک امریکہ | و ۵۸ |
| 〃 دیگر ممالک عالم | و ۵۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **قانون** | و۔ ۶۰ |
| بین الاقوامی قوانین | و۔ ۶۱ |
| دستوری 〃 | و۔ ۶۲ |
| فوجی اور جنگی 〃 | و۔ ۶۳ |
| تعزیری 〃 | و۔ ۶۴ |
| قوانین ہندوستان | و۔ ۶۵ |
| 〃 برطانیہ و مستعمرات | و۔ ۶۶ |
| 〃 دیگر ممالک یورپ | و۔ ۶۷ |
| 〃 ممالک امریکہ | و۔ ۶۸ |
| 〃 روما اور تقابلی قوانین وغیرہ | و۔ ۶۹ |
| **رسوم و رواج اور معاشرت** | و۔ ۷۰ |
| رسوم ولادت اور بیاہ وغیرہ | و۔ ۷۱ |
| رسوم میت، تجہیز و تکفین اور تدفین وغیرہ | و۔ ۷۲ |
| تیوہار اور قومی رسوم | و۔ ۷۳ |
| جنگی رسوم | و۔ ۷۴ |
| درباری مراسم | و۔ ۷۵ |
| عورتوں کا رتبہ اور سلوک | و۔ ۷۶ |
| رہائش، ملبوسات، اور فیشن وغیرہ | و۔ ۷۷ |
| خانہ بدوشی | و۔ ۷۸ |
| متفرق رسوم و رواج | و۔ ۷۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **تعلیم** | و۔ ۸۰ |
| نظام، نصاب اور طریقہائے تعلیم۔ | و۔ ۸۱ |
| تعلیم اور حکومت | و۔ ۸۲ |
| ابتدائی تعلیم | و۔ ۸۳ |
| ثانوی 〃 | و۔ ۸۴ |
| اعلیٰ 〃 | و۔ ۸۵ |
| تعلیم نسواں | و۔ ۸۶ |
| خانگی تعلیم | و۔ ۸۷ |
| بلا استاد تعلیم | و۔ ۸۸ |
| متفرق ابواب تعلیم | و۔ ۸۹ |
| **ادارات اور متفرق اجتماعی ابواب** | و۔ ۹۰ |
| شفاخانے اور دیگر تیماری ادارے | و۔ ۹۱ |
| یتیم خانے، محتاج خانے وغیرہ | و۔ ۹۲ |
| قید خانے اور دیگر تعزیری ادارے | و۔ ۹۳ |
| خفیہ اور سیاسی انجمنیں وغیرہ | و۔ ۹۴ |
| کلب وغیرہ | و۔ ۹۵ |
| گسٹ ہوز۔ مہمان خانے وغیرہ | و۔ ۹۶ |
| بیمہ ساز ادارے | و۔ ۹۷ |
| اسکاوٹ اور مماثل ادارے | و۔ ۹۸ |
| متفرق ادارے اور اجتماعی ابواب | و۔ ۹۹ |

# تاریخ وتذکرہ

## نشان (ز)

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **تاریخ (عمومی)** | ز ۔ |
| تاریخ عالم اور مجموعات تاریخ | ز ۔ ۱ |
| منتخبات اور خلاصۂ تاریخ | ز ۔ ۲ |
| اصول اور فلسفۂ تاریخ | ز ۔ ۳ |
| تنقید اور تحقیقات تاریخی | ز ۔ ۴ |
| قاموسات و اصطلاحات تاریخ | ز ۔ ۵ |
| رسائل تاریخ | ز ۔ ۶ |
| تاریخ التاریخ | ز ۔ ۷ |
| تعلیم و مطالعۂ تاریخ | ز ۔ ۸ |
| مجالس و انجمن ہائے تاریخ | ز ۔ ۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **جغرافیہ وسیاحت، بلاد دیار اور آثار قدیمہ** | ز ۔ ۱۰ |
| نقشے، کرّے وغیرہ | ز ۔ ۱۱ |
| تاریخی سیاحت | ز ۔ ۱۲ |
| ممالک اسلامیہ | ز ۔ ۱۳ |
| ہندوستان | ز ۔ ۱۴ |
| دیگر ممالک ایشیا | ز ۔ ۱۵ |
| ممالک افریقہ | ز ۔ ۱۶ |
| " یورپ | ز ۔ ۱۷ |
| " امریکہ و دیگر اقطاع عالم | ز ۔ ۱۸ |
| آثار قدیمہ | ز ۔ ۱۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
| --- | --- |
| **تاریخ عصر قدیم** | نز ع ۲۰ |
| ماقبل تاریخ | نز ع ۲۱ |
| فراعنہ مصر اور بنی اسرائیل | نز ع ۲۲ |
| کلدانی | نز ع ۲۳ |
| آثوری، میدی، تورانی، کیانی | نز ع ۲۴ |
| قرطاجنہ | نز ع ۲۵ |
| کلٹس | نز ع ۲۶ |
| یونانی اور مقدونوی | نز ع ۲۷ |
| رومی | نز ع ۲۸ |
| دیگر متفرق اقوام عصر قدیم | نز ع ۲۹ |
| **تاریخ عرب اور سلاطین اسلام** | نز ع ۳۰ |
| جاہلیت اور ماقبل اسلام عرب | نز ع ۳۱ |
| آغاز اسلام، عہد نبوت اور خلفائے راشدہ | نز ع ۳۲ |
| بنی امیہ (مشرق) | نز ع ۳۳ |
| 〃 (مغرب) | نز ع ۳۴ |
| خلفائے عباسیہ | نز ع ۳۵ |
| فاطمیین | نز ع ۳۶ |
| طوائف الملوک اور محاربات صلیبی | نز ع ۳۷ |
| سلطنتِ عثمانیہ اور جمہوریۂ ترکیا | نز ع ۳۸ |
| متفرق اسلامی اور جدید عربی حکومتیں | نز ع ۳۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
| --- | --- |
| **تاریخ ہندوستان** | نز ع ۴۰ |
| ماقبل تاریخ اور عصر قدیم | نز ع ۴۱ |
| دور ہنود | نز ع ۴۲ |
| مسلمانوں کی آمد، فتوحات اور ابتدائی سلاطین | نز ع ۴۳ |
| سلطنت مغلیہ اور معاصر ریاستیں | نز ع ۴۴ |
| زوال سلطنت مغلیہ اور طوائف الملوکی | نز ع ۴۵ |
| اہل فرنگ کی آمد | نز ع ۴۶ |
| ایسٹ انڈیا کمپنی اور غدر ۱۸۵۷ء | نز ع ۴۷ |
| عہد سلطنت برطانیہ اور دیسی ریاستیں | نز ع ۴۸ |
| سوا راج اور ما بعد | نز ع ۴۹ |
| **تاریخ دیگر ممالک ایشیا** | نز ع ۵۰ |
| چین | نز ع ۵۱ |
| جاپان | نز ع ۵۲ |
| سائبیریا اور وسط ایشیا | نز ع ۵۳ |
| ایشائے کوچک، ایران و افغانستان | نز ع ۵۴ |
| تبت | نز ع ۵۵ |
| برما | نز ع ۵۶ |
| انڈوچائنا، آنام، سیام وغیرہ | نز ع ۵۷ |
| جزیرہ نمائے ملایا | نز ع ۵۸ |
| سیلون و دیگر جزائر ایشیا | نز ع ۵۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
| --- | --- |
| **تاریخ ممالک افریقہ** | نز ۶۰ |
| شمالی افریقہ، طرابلس وغیرہ | نز ۶۱ |
| مصر، سودان اور بلادِ نوبہ | نز ۶۲ |
| حبشہ | نز ۶۳ |
| مراکو | نز ۶۴ |
| الجزائر، تونس وغیرہ | نز ۶۵ |
| شمال وسطی افریقہ | نز ۶۶ |
| جنوب " " | نز ۶۷ |
| جنوبی افریقہ | نز ۶۸ |
| مدغاسکر و دیگر جزائر افریقہ | نز ۶۹ |
| **تاریخ ممالک یورپ** | نز ۷۰ |
| عصر قدیم اور قرون وسطی | نز ۷۱ |
| برطانیہ عظمیٰ؛ انگلینڈ، اسکاٹلینڈ، آئرلینڈ | نز ۷۲ |
| جرمنی و آسٹریا ہنگری؛ زیکوسلاویکا | نز ۷۳ |
| فرانس | نز ۷۴ |
| اطالیہ | نز ۷۵ |
| روس | نز ۷۶ |
| ہالینڈ، بلجیم، ناروے اور سویڈن وغیرہ | نز ۷۷ |
| اسپین و پرتگال | نز ۷۸ |
| جزیرہ نمائے بلقان و دیگر ممالک یورپ | نز ۷۹ |
| **تاریخ ممالک امریکہ و دیگر اقطاع عالم** | نز ۸۰ |
| امریکہ کی قدیم تاریخ | نز ۸۱ |
| ممالک متحدہ امریکہ | نز ۸۲ |
| کناڈا اور برطانوی امریکہ | نز ۸۳ |
| میکسیکو | نز ۸۴ |
| دیگر ممالک شمالی امریکہ | نز ۸۵ |
| ممالک جنوبی امریکہ | نز ۸۶ |
| " اوشینیا و متفرق جزائر | نز ۸۷ |
| قطب شمالی و جنوبی | نز ۸۸ |
| تاریخ متفرق ممالک عالم اور جدید اکتشافات ارضی | نز ۸۹ |
| **تذکرہ، سوانحعمری اور متفرق مسائل تاریخ** | نز ۹۰ |
| تذکرہ؛ سیرت اور سوانحعمری | نز ۹۱ |
| علم الانساب | نز ۹۲ |
| خطابات اور مراتب وغیرہ | نز ۹۳ |
| قومی نشانات، بیرقیں وغیرہ | نز ۹۴ |
| دربارات، پیامات وغیرہ | نز ۹۵ |
| محاربات | نز ۹۶ |
| معاہدات | نز ۹۷ |
| وصایا | نز ۹۸ |
| دیگر متفرق مسائلِ تاریخ | نز ۹۹ |

# فنّیات

## نشان ( ح )

| عنوان تبویب | نشان تبویب | عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|---|---|
| **فنّیات (عمومی)** | **ح ۔ ۰** | **فنون لطیفہ** | **ح ۔ ۱۰** |
| مجموعات فنّی | ح ۔ ۱ | سنگتراشی اور معماری | ح ۔ ۱۱ |
| منتخبات فنی | ح ۔ ۲ | کندہ کاری | ح ۔ ۱۲ |
| اصول و مبادی اور افادات فنّی | ح ۔ ۳ | نقشہ کشی اور آرائش | ح ۔ ۱۳ |
| تنقید و تقابل فنّی | ح ۔ ۴ | نقاشی اور خطاطی | ح ۔ ۱۴ |
| لغات و اصطلاحاتِ فنّی | ح ۔ ۵ | مصوری | ح ۔ ۱۵ |
| رسائل فنّی | ح ۔ ۶ | موسیقی، رقاصی اور اداکاری | ح ۔ ۱۶ |
| تاریخ فنون | ح ۔ ۷ | فنون سپہگری اور شکار وغیرہ | ح ۔ ۱۷ |
| تعلیم فنون | ح ۔ ۸ | کھیل تماشے اور تفریحات | ح ۔ ۱۸ |
| فنّی ادارے اور انجمنیں وغیرہ | ح ۔ ۹ | دیگر متفرق فنون لطیفہ | ح ۔ ۱۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **تعمیر** | **ح ۔ ۲۰** |
| نقشے اور خاکے | ح ۔ ۲۱ |
| مواد خام | ح ۔ ۲۲ |
| کارہائے معماری اور گچکاری | ح ۔ ۲۳ |
| " نجاری اور چوبینہ | ح ۔ ۲۴ |
| سقف اندازی | ح ۔ ۲۵ |
| گلکاری، رنگ کاری | ح ۔ ۲۶ |
| روشنی اور ہوا کا انتظام | ح ۔ ۲۷ |
| پانی، گیاس اور اسٹیم کی سربراہی | ح ۔ ۲۸ |
| متفرق کارہائے تعمیرات | ح ۔ ۲۹ |
| **انجنیری** | **ح ۔ ۳۰** |
| میکانکی | ح ۔ ۳۱ |
| کان کنی | ح ۔ ۳۲ |
| حربی انجنیری | ح ۔ ۳۳ |
| پل سازی | ح ۔ ۳۴ |
| سڑک اور ریلوے لائین | ح ۔ ۳۵ |
| نہریں اور آبپاشی | ح ۔ ۳۶ |
| بندرگاہیں اور جہاز سازی | ح ۔ ۳۷ |
| متعلق بہ حفظان صحت و آبرسانی | ح ۔ ۳۸ |
| متفرق ابواب انجنیری | ح ۔ ۳۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **صنعت و حرفت اور مصنوعات** | **ح ۔ ۴۰** |
| پتھر اور مٹی کے مصنوعات | ح ۔ ۴۱ |
| دھات اور فلزی " | ح ۔ ۴۲ |
| لکڑی کے " | ح ۔ ۴۳ |
| چمڑے کے " | ح ۔ ۴۴ |
| روئی، ریشم اور اون کا سامان | ح ۔ ۴۵ |
| ربر سازی اور اس کے مصنوعات | ح ۔ ۴۶ |
| کاغذ سازی | ح ۔ ۴۷ |
| مصنوعات کیمیاوی | ح ۔ ۴۸ |
| دستکاری اور متفرق پیشے | ح ۔ ۴۹ |
| **زراعت اور ابواب متعلقہ** | **ح ۔ ۵۰** |
| کھیت، کھاد، کاشت اور آلات کاشت | ح ۔ ۵۱ |
| فصل کی خرابی اور اسکی اصلاح | ح ۔ ۵۲ |
| اناج، گھاس چارہ، وغیرہ | ح ۔ ۵۳ |
| چائے، کافی، جڑی بوٹی اور منشیات | ح ۔ ۵۴ |
| ترکاریاں، پھل پھول اور باغبانی | ح ۔ ۵۵ |
| مرغبانی | ح ۔ ۵۶ |
| مویشی اور ڈیری فارم | ح ۔ ۵۷ |
| شہد کی مکھیاں اور ریشم کے کیڑے | ح ۔ ۵۸ |
| ماہی گیری اور سمکیات وغیرہ | ح ۔ ۵۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
| --- | --- |
| **خانہ داری** | ح ۶۰ |
| مکان، ہوٹل، چائے خانے، روشنی اور صفائی وغیرہ | ح ۶۱ |
| باورچی خانہ، پکوان، رکابداری وغیرہ | ح ۶۲ |
| حمام، کنگھی چوٹی، سنگار وغیرہ | ح ۶۳ |
| لباس، سلوائی اور دھلوائی وغیرہ | ح ۶۴ |
| فرش، فرنیچر، بستر وغیرہ | ح ۶۵ |
| میزبانی، مہمانداری، ضیافت وغیرہ | ح ۶۶ |
| زچہ خانہ، تیمارداری پرورش اطفال وغیرہ | ح ۶۷ |
| عام انتظام حساب کتاب، ملازمین اور سواری وغیرہ | ح ۶۸ |
| دیگر متفرق ابواب خانہ داری | ح ۶۹ |
| **کاروبار اور دفترداری** | ح ۷۰ |
| دفترداری اور متعلقہ سامان | ح ۷۱ |
| نوشت و خواند کا سامان، ٹائپ رائٹر وغیرہ | ح ۷۲ |
| مختصر اور زود نویسی | ح ۷۳ |
| مراسلت اور ذرائع ترسیل | ح ۷۴ |
| خرید و فروخت، اور پیکنگ وغیرہ | ح ۷۵ |
| بہی کھاتے، حساب کتاب اور کاروباری قواعد | ح ۷۶ |
| چھاپے خانے، چھپوائی اور حق طبع | ح ۷۷ |
| تشہیر اور پروپیگنڈہ | ح ۷۸ |
| دیگر متفرق کاروباری مسائل | ح ۷۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
| --- | --- |
| **طب** | ح ۸۰ |
| علم تشریح اور عضویات | ح ۸۱ |
| حفظان صحت اور ورزش | ح ۸۲ |
| صحت عامہ اور امراض متعدی | ح ۸۳ |
| علم الادویہ | ح ۸۴ |
| تشخیص اور معالجات | ح ۸۵ |
| جراحی، دنداں سازی، عینک سازی وغیرہ | ح ۸۶ |
| بچوں اور عورتوں کی بیماریاں اور علاج | ح ۸۷ |
| علاج حیوانات | ح ۸۸ |
| تقابلی اور متفرق ابواب طب | ح ۸۹ |
| **متفرق فنون** | ح ۹۰ |
| ملاحی اور غطاسی | ح ۹۱ |
| جہاز رانی | ح ۹۲ |
| ہوا بازی | ح ۹۳ |
| فلم سازی اور پردۂ سیمین | ح ۹۴ |
| صدابندی اور نشریات | ح ۹۵ |
| نظر افروزی: دوربیں اور ٹیلی ویژن وغیرہ | ح ۹۶ |
| حیات افزائی اور تازہ داری | ح ۹۷ |
|  | ح ۹۸ |
| دیگر متفرق فنون | ح ۹۹ |

# سائنس (علوم طبعی)

## نشان (ط)

| عنوان تبویب | نشان تبویب | عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|---|---|
| **سائنس (عمومی)** | ط ۰ | **ریاضیات** | ط ۱۰ |
| مجموعات سائنس | ط ۱ | علم حساب | ط ۱۱ |
| منتخبات سائنس | ط ۲ | جبر و مقابلہ : الجبرا | ط ۱۲ |
| اصول و مبادی " | ط ۳ | علم ہندسہ، مخروطات | ط ۱۳ |
| تنقید، تقابل، تحقیقات و اکتشافات سائنس | ط ۴ | علم مثلث و زوایا | ط ۱۴ |
| لغات و اصطلاحات سائنس | ط ۵ | مساحت | ط ۱۵ |
| رسائل سائنس | ط ۶ | مساوات | ط ۱۶ |
| تاریخ سائنس | ط ۷ | احصاء | ط ۱۷ |
| تعلیم و مطالعہ اور تجربات سائنس، عمل | ط ۸ | امکانات و احتمالات | ط ۱۸ |
| ادارے اور انجمنیں وغیرہ | ط ۹ | دیگر متفرق ابواب ریاضی | ط ۱۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **فلکیات** | ط ـ ۲۰ |
| نقشے، جدولیں، آلات اور رصد گاہیں | ط ـ ۲۱ |
| نجوم اور جوتش | ط ـ ۲۲ |
| ہیئت قدیمہ | ط ـ ۲۳ |
| 〃 جدید (نظری) | ط ـ ۲۴ |
| 〃 〃 (عملی) | ط ـ ۲۵ |
| 〃 〃 (کُروی) | ط ـ ۲۶ |
| 〃 〃 (توضیحی) | ط ـ ۲۷ |
| تقویم سازی | ط ـ ۲۸ |
| دیگر متفرق مسائل فلکی | ط ـ ۲۹ |
| **طبعیات** | ط ـ ۳۰ |
| سیّالات | ط ـ ۳۱ |
| سکونیات | ط ـ ۳۲ |
| صوتیات | ط ـ ۳۳ |
| علم الضو | ط ـ ۳۴ |
| حرارت | ط ـ ۳۵ |
| جرّ ثقیل | ط ـ ۳۶ |
| مقناطیس | ط ـ ۳۷ |
| برقیات | ط ـ ۳۸ |
| دیگر متفرق علوم طبعی | ط ـ ۳۹ |
| **کیمیا؛ کیمسٹری** | ط ـ ۴۰ |
| قدیم کیمیا سازی | ط ـ ۴۱ |
| جدید کیمیا (نظری) | ط ـ ۴۲ |
| عملی اور تجرباتی | ط ـ ۴۳ |
| تحلیلی (کمیت و کیفیت) | ط ـ ۴۴ |
| غیر نامیاتی | ط ـ ۴۵ |
| نامیاتی | ط ـ ۴۶ |
| بلوریات | ط ـ ۴۷ |
| معدنی کیمیا | ط ـ ۴۸ |
| دیگر کیمیائی مسائل | ط ـ ۴۹ |
| **حیاتیات** | ط ـ ۵۰ |
| ابتدائے آفرینش اور آغاز حیات | ط ـ ۵۱ |
| خواص حیات | ط ـ ۵۲ |
| ارتقاء؛ موالید | ط ـ ۵۳ |
| علم الانسان | ط ـ ۵۴ |
| علم الاقوام | ط ـ ۵۵ |
| مماثلات | ط ـ ۵۶ |
| خرد بینی عجائبات | ط ـ ۵۷ |
| ماقبل تاریخ آثار | ط ـ ۵۸ |
| متفرق مسایل حیاتیات | ط ـ ۵۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **حیوانیات** | ط ۶۰ |
| تشریح اور عضویات | ط ۶۱ |
| دودھ پلانے والے جانور | ط ۶۲ |
| پرندے اور اڑنے والے جانور | ط ۶۳ |
| مچھلیاں اور آبی جانور | ط ۶۴ |
| حشرات الماء یا پانی کے کیڑے | ط ۶۵ |
| حشرات الہوا یا پتنگے | ط ۶۶ |
| حشرات الارض یا کیڑے مکوڑے | ط ۶۷ |
| سانپ اور اژدھے | ط ۶۸ |
| دیگر متفرق حیوانات | ط ۶۹ |
| **نباتیات** | ط ۷۰ |
| تشریح نباتات | ط ۷۱ |
| پھول والے 〃 | ط ۷۲ |
| دو دالے 〃 | ط ۷۳ |
| یک دالے 〃 | ط ۷۴ |
| برہنہ تخم 〃 | ط ۷۵ |
| بے پھول 〃 | ط ۷۶ |
| نم گیاہ 〃 | ط ۷۷ |
| مضغوی 〃 | ط ۷۸ |
| دیگر متفرق نباتات | ط ۷۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **طبقات الارض** | ط ۸۰ |
| طبعی و محرکہ | ط ۸۱ |
| حجریات اور معادن | ط ۸۲ |
| معاشیاتی طبقات الارض | ط ۸۳ |
| ہندوستان | ط ۸۴ |
| دیگر ممالک ایشیا | ط ۸۵ |
| ممالک افریقہ | ط ۸۶ |
| 〃 یورپ | ط ۸۷ |
| 〃 امریکہ | ط ۸۸ |
| اوشینیا و دیگر اقطاع عالم | ط ۸۹ |
| **متفرق سائنٹفک مسایل** | ط ۹۰ |
| جغرافیہ طبعی | ط ۹۱ |
| موسمیات اور حوادث الجویہ | ط ۹۲ |
| حوادث غیر متوقعہ و غیر طبعی | ط ۹۳ |
| مستقبل عالم | ط ۹۴ |
| سائنس اور مذہب | ط ۹۵ |
| | ط ۹۶ |
| | ط ۹۷ |
| | ط ۹۸ |
| دیگر متفرق مسائل سائنس | ط ۹۹ |

# متفرقات

## نشان ( ی )

| عنوان تبویب | نشان تبویب | عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|---|---|
| **متفرقات** | **ی ۔** | **فہرستیں اور کتابیات** | **ی ۱۰** |
| متعلقہ ادارے کے قواعد وضوابط | ی ۱ | متعلقہ کتب خانے کی فہرستیں | ی ۱۱ |
| مقامی اداروں کے قواعد وضوابط | ی ۲ | فہرستیں (بہ ترتیب علوم وفنون) | ی ۱۲ |
| بیرونی " " " | ی ۳ | " ( " حروف تہجی) | ی ۱۳ |
| جنتریاں، سالنامے، ڈائرکٹریاں، گائڈ بکس وغیرہ | ی ۴ | " ( " مصنفین) | ی ۱۴ |
| تجارتی فہرستیں اور اشتہارات | ی ۵ | کتابیات عمومی | ی ۱۵ |
| ڈاک، ریلوے اور جہازوں کے نظام الاوقات | ی ۶ | " خصوصی (بلحاظ کتب) | ی ۱۶ |
| غیر موقت یا ہنگامی لٹریچر اور رسائل وغیرہ | ی ۷ | " " ( " مصنفین) | ی ۱۷ |
| دعوت کے رقعے، خانگی تحریرات وغیرہ | ی ۸ | " " ( " السنہ) | ی ۱۸ |
| مسودات اور قابل تبویب کتابیں وغیرہ | ی ۹ | متفرق فہرستیں اور رسائل کتابیات | ی ۱۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **انتظام کتب خانہ اور کتب خانے** | **ی ع ۲۰** |
| قیام و تاسیس | ی ع ۲۱ |
| عام انتظام، شعبہ جات اور عمارت | ی ع ۲۲ |
| تسہیل مطالعہ | ی ع ۲۳ |
| قواعد مطالعہ کنندگان اور مطالعہ | ی ع ۲۴ |
| کتب خانے اور حکومت | ی ع ۲۵ |
| عام کتب خانے اور مطالعہ گھر | ی ع ۲۶ |
| مخصوص کتب خانے | ی ع ۲۷ |
| تجارتی کتب خانے اور کتابوں کی خرید و فروخت | ی ع ۲۸ |
| دیگر متفرق انتظامات و ابواب کتب خانہ | ی ع ۲۹ |
| **کتب مقامی یا مقامیات (قلمرو اصفی)** | **ی ع ۳۰** |
| جغرافیہ و سیاحت، آثار قدیمہ آبادی و اعداد و شمار | ی ع ۳۱ |
| تاریخ و تذکرہ اور سیاسی موقف | ی ع ۳۲ |
| معاشیات | ی ع ۳۳ |
| ذرائع نقل و حمل اور تجارت | ی ع ۳۴ |
| نظم و نسق اور سرکاری رپورٹیں وغیرہ | ی ع ۳۵ |
| قوانین اور عدلیہ | ی ع ۳۶ |
| معاشرت اور رسوم و رواج | ی ع ۳۷ |
| تعلیمات اور علمی ادارے وغیرہ | ی ع ۳۸ |
| عام ادارے اور متفرقات | ی ع ۳۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **نوادر کتب** | **ی ع ۴۰** |
| قدیم نوشتے اور مخطوطات | ی ع ۴۱ |
| ابتدائی مطبوعات | ی ع ۴۲ |
| نادر طباعت اور مرقعات | ی ع ۴۳ |
| بلاک اور پلیٹ | ی ع ۴۴ |
| نادر جلد بندی | ی ع ۴۵ |
| ممنوعہ اور خفیہ کتابیں | ی ع ۴۶ |
| مفروضہ اور مسروقہ کتابیں | ی ع ۴۷ |
| امانتی اور مشروطی کتابیں | ی ع ۴۸ |
| دیگر نوادر کتب | ی ع ۴۹ |
| **کتب حوالہ جات (انسائیکلوپیڈیا)** | **ی ع ۵۰** |
| اردو | ی ع ۵۱ |
| عربی | ی ع ۵۲ |
| فارسی اور ترکی وغیرہ | ی ع ۵۳ |
| ہندوستانی السنہ | ی ع ۵۴ |
| دیگر مشرقی " | ی ع ۵۵ |
| انگریزی | ی ع ۵۶ |
| جرمنی | ی ع ۵۷ |
| فرانسیسی | ی ع ۵۸ |
| دیگر مغربی السنہ | ی ع ۵۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **صحافت اور اخبارات** | ی ۶۰ |
| ادارت | ی ۶۱ |
| عام انتظام، شعبہ جات اور تقسیم و فروخت | ی ۶۲ |
| خبر رسانی اور خبر رساں ادارے | ی ۶۳ |
| صحافت اور حکومت | ی ۶۴ |
| دیگر متفرق ابواب صحافت | ی ۶۵ |
| اردو صحافت اور اخبارات | ی ۶۶ |
| دیگر ہندوستانی السنہ کے اخبارات | ی ۶۷ |
| " مشرقی " " " | ی ۶۸ |
| مغربی صحافت اور اخبارات | ی ۶۹ |
| **مطبوعات اداراتِ خصوصی** | ی ۷۰ |
| کلکتہ، دہلی اور علی گڈھ | ی ۷۱ |
| لکھنو، کانپور اور دیگر ادارات یو پی | ی ۷۲ |
| لاہور، امرتسر، پشاور " " پنجاب سرحد | ی ۷۳ |
| حیدرآباد، مدراس، بمبئی " " جنوبی ہند | ی ۷۴ |
| دیگر متفرق ادارات ہندوستان | ی ۷۵ |
| دیگر ادارات مشرقی | ی ۷۶ |
| ادارات انگلستان و مستعمرات | ی ۷۷ |
| " دیگر بلاد یورپ | ی ۷۸ |
| " امریکہ وغیرہ | ی ۷۹ |

| عنوان تبویب | نشان تبویب |
|---|---|
| **عجائب گھر اور نمائشیں وغیرہ** | ی ۸۰ |
| برطانوی اور مستعمراتی | ی ۸۱ |
| جرمنی " " | ی ۸۲ |
| فرانسیسی " " | ی ۸۳ |
| اطالوی " " | ی ۸۴ |
| روسی " " | ی ۸۵ |
| ولندیزی " " و دیگر ممالک یورپ | ی ۸۶ |
| امریکی | ی ۸۷ |
| جاپانی اور چینی | ی ۸۸ |
| دیگر مشرقی ممالک اور بلاد اسلامیہ | ی ۸۹ |
| **عام انجمنیں، کانفرنسیں، جلسے اور مظاہرات وغیرہ** | ی ۹۰ |
| کُل ہند (آل انڈیا) | ی ۹۱ |
| ہندوستانی صوبجاتی | ی ۹۲ |
| " ریاستی | ی ۹۳ |
| برطانوی و مستعمراتی | ی ۹۴ |
| دیگر بلاد یورپ | ی ۹۵ |
| بلاد امریکہ | ی ۹۶ |
| بلاد ایشیاء | ی ۹۷ |
| بلاد افریقہ | ی ۹۸ |
| **دیگر عام متفرقات** | ی ۹۹ |

# یادداشت

یہ علوم و فنون کی صرف "تبویب" ہے - اس تبویب میں حسب ضرورت
مختلف ابواب کی جداگانہ ذیلی تبویب بھی کی گئی ہے - جو متعلقہ باب
یا شعبہ کی فہرست کے ساتھ ملحق رہیگی فقط -

فضل اللہ احمد

تمت بالخیر

# شُکر گذارِی

اس "تبویب" کی تکمیل اور طباعت و اشاعت

چونکہ

عالی جناب نواب علی یاور جنگ بہادر معتمد حکومت آصفیہ (صیغہ امور دستوری)

کے

ہمدردانہ توجہات اور نظرِ التفات

کی

رہین منت ہے لہذا ناچیز مرتّب نہایت ادب

کے ساتھ اپنے جذبات شکر گذاری کا اظہار ضروری تصور کرتا ہے اور ابنائے ملک کو

اگر اس تالیف سے کوئی فائدہ پہنچ سکتا ہے تو اس کا حقیقی سہرا ممدوح کے سر رہے گا۔

مطبوعہ
اعظم اسٹیم پریس گورنمنٹ ایجوکیشنل پرنٹرز
حیدرآباد دکن

م ۱۲۵۰ ف ـ ت

آخری درج شدہ تاریخ پر یہ کتاب مستعار
لی گئی تھی مقررہ مدت سے زیادہ رکھنے کی
صورت میں ایک آنہ یومیہ دیرانہ لیا جائیگا۔

٢٥١٧٠

ف ـ ت

فضل اللہ

تبویب حیدری

کتب خانہ جامعہ عثمانیہ
۱۔ اراکین مجلس اعلیٰ، مجلس تعلیمات، مجلس انتظامی، مجالس شعبہ جات و نصاب پانچ کتابیں ایک ماہ کے لیے اپنے پاس رکھ سکیں گے۔
۲۔ اساتذہ جامعہ عثمانیہ و کلیہ جات متحدہ اور اراکین دار الترجمہ دس کتابیں ایک ماہ تک اپنے پاس رکھ سکیں گے۔
۳۔ طلبا ایم اے، ال ال بی تین کتابیں اپنے پاس رکھ سکیں گے۔ طلبہ بی اے اور انٹرمیڈیٹ دو کتابیں ... جاتے ہوں تو طلبہ کے حساب سے ...
۴۔ مدت مقررہ پر کتابیں واپس نہ کی جائیں گی تو ... جرمانہ لیا جائیگا۔
۵۔ بشرط موقع کتابیں مکرر جاری کی جا سکیں گی مگر اس غرض کے لیے کتاب کا لانا لازم ہے۔
۶۔ کتب خانہ میں کتاب اگر خراب ہو جائیں یا گم ہو جائیں تو ... قیمت ... دی جائیگی۔
۷۔ کتابوں پر کسی قسم کا نشان یا ... نہ لگایا جائے۔
۸۔ قلمی نسخے اور حوالے کی کتابیں جاری نہ کی جا سکیں گی۔ فقط